اس کی طرف	بیشک	میرا رب	قریب ہے	(دعائیں) قبول کرنے والا ہے	انہوں نے کہا
بیشک میرا رب قریب ہے اور دعائیں قبول کرنے والا ہے۔ انہوں نے کہا					

يَٰصَٰلِحُ قَدْ كُنتَ فِينَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هَٰذَآ ۖ

يَٰصَٰلِحُ	قَدْ	كُنتَ	فِينَا	مَرْجُوًّا	قَبْلَ هَٰذَآ ۖ
اے صالح!	یقیناً	تو تھا	ہم میں	امیدوں کا مرکز	اس سے پہلے
اے صالح! آپؑ سے تو ہماری بڑی اُمیدیں وابستہ تھیں اس سے پہلے					

أَتَنْهَىٰنَآ أَن نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ ءَابَآؤُنَا وَإِنَّنَا

أَتَنْهَىٰنَآ	أَن نَّعْبُدَ	مَا	يَعْبُدُ	ءَابَآؤُنَا	وَإِنَّنَا
کیاتوہمیں روکتاہے	کہ ہم عبادت کریں	ان کی جن کی	عبادت کرتے تھے	ہمارے باپ دادا؟	اور بیشک ہم
کیاتوہمیں ان کی عبادت سے روکتاہے جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے تھے					

لَفِى شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُونَآ إِلَيْهِ مُرِيبٍ ﴿٦٢﴾

لَفِى شَكٍّ	مِّمَّا	تَدْعُونَآ	إِلَيْهِ	مُرِيبٍ ﴿٦٢﴾
یقیناًایک ایسے شک میں ہیں	اس چیز(توحید)سے کہ	توہمیں بلاتاہے	اس کی طرف	جوپریشان کرنے والاہے
اور ہمیں تواس دین میں شک ہے جس کی طرف توہمیں بلاتاہے۔				

قَالَ يَـٰقَوْمِ أَرَءَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ

قَالَ	يَـٰقَوْمِ	أَرَءَيْتُمْ	إِن	كُنتُ	عَلَىٰ بَيِّنَةٍ
اس(صالح)نے کہا	اے میری قوم!	بھلابتاؤتو	اگر	میں ہوں	واضح دلیل پر
صالحؑ نے کہا اے میری قوم!ذراسوچوتوسہی اگر میں رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہوں					

مِّن رَّبِّى وَءَاتَىٰنِى مِنْهُ رَحْمَةً فَمَن يَنصُرُنِى

مِّن رَّبِّى	وَءَاتَىٰنِى	مِنْهُ	رَحْمَةً	فَمَن	يَنصُرُنِى
اپنے رب کی طرف سے	اوراس نے مجھے دی ہو	اپنی طرف سے	رحمت(نبوت)	توکون	میری مدد کرے گا
اوراس نے مجھے اپنی طرف سے رحمت(نبوت)دی ہو توکون میری مدد کرے گا					

مِنَ ٱللَّهِ إِنۡ عَصَيۡتُهُۥۖ فَمَا تَزِيدُونَنِي

مِنَ ٱللَّهِ	إِنۡ	عَصَيۡتُهُۥۖ	فَمَا تَزِيدُونَنِي
اللہ (کے عذاب)	اگر	میں اس کی نافرمانی کروں؟	پھر (اگر تمھاری مان لوں تو) تم مجھے زیادہ نہیں کروگے

اللہ (کے عذاب) سے اگر میں اس کی نافرمانی کروں؟ پھر (اگر تمھاری مان لوں تو) تم مجھے زیادہ نہیں کروگے

غَيۡرَ تَخۡسِيرٖ ٦٣ وَيَٰقَوۡمِ هَٰذِهِۦ نَاقَةُ ٱللَّهِ لَكُمۡ

غَيۡرَ	تَخۡسِيرٖ ٦٣	وَيَٰقَوۡمِ	هَٰذِهِۦ	نَاقَةُ ٱللَّهِ	لَكُمۡ
سوائے	خسارہ دینے کے	اور اے میری قوم!	یہ	اللہ کی اونٹنی ہے	تمھارے لیے

سوائے خسارہ دینے کے۔ اور اے میری قوم! یہ تمھارے لیے اللہ کی اونٹنی نشانی ہے

ءَايَةٗۖ فَذَرُوهَا تَأۡكُلۡ فِيٓ أَرۡضِ ٱللَّهِۖ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوٓءٖ

ءَايَةٗۖ	فَذَرُوهَا	تَأۡكُلۡ	فِيٓ أَرۡضِ ٱللَّهِۖ	وَلَا تَمَسُّوهَا	بِسُوٓءٖ
نشانی	لہذا تم اسے چھوڑ دو	کہ کھاتی (چرتی) پھرے	اللہ کی زمین میں	اور تم اسے ہاتھ نہ لگانا	برائی کے ساتھ

لہذا تم اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی (چرتی) پھرے اور تم اسے برائی کے ساتھ ہاتھ نہ لگانا

فَيَأۡخُذَكُمۡ عَذَابٞ قَرِيبٞ ٦٤ فَعَقَرُوهَا فَقَالَ

فَيَأۡخُذَكُمۡ	عَذَابٞ	قَرِيبٞ ٦٤	فَعَقَرُوهَا	فَقَالَ
ورنہ تمھیں پکڑ لے گا	عذاب	قریب ہی	پھر انہوں نے اس کی ٹانگیں کاٹ ڈالیں	تو (صالحؑ نے) کہا

ورنہ فوری عذاب تمھیں پکڑ لے گا۔ پھر انہوں نے اس کی ٹانگیں کاٹ ڈالیں تو (صالحؑ نے) کہا

تَمَتَّعُواْ فِي دَارِكُمۡ ثَلَٰثَةَ أَيَّامٖۖ ذَٰلِكَ وَعۡدٌ

تَمَتَّعُواْ	فِي دَارِكُمۡ	ثَلَٰثَةَ	أَيَّامٖۖ	ذَٰلِكَ	وَعۡدٌ
تم فائدہ اُٹھا لو	اپنے گھروں میں	تین	دن	یہ	ایسا وعدہ ہے
تم اپنے گھروں میں تین دن تک فائدہ اُٹھا لو رہ بس لو۔ یہ وہ وعدہ ہے					

غَيۡرُ مَكۡذُوبٖ ٦٥ فَلَمَّا جَآءَ أَمۡرُنَا نَجَّيۡنَا صَٰلِحٗا

غَيۡرُ مَكۡذُوبٖ ٦٥	فَلَمَّا	جَآءَ	أَمۡرُنَا	نَجَّيۡنَا	صَٰلِحٗا
کہ نہیں جھوٹ بولا گیا (اس میں)	پھر جب	آ گیا	ہمارا حکم (عذاب)	تو ہم نے نجات دی	صالحؑ کو
جو جھوٹا ثابت نہیں ہو گا۔ پھر جب ہمارا عذاب آ گیا تو ہم نے اپنی رحمت سے صالحؑ اور ایمان والوں کو نجات دی					

وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مَعَهُۥ بِرَحۡمَةٖ مِّنَّا وَمِنۡ خِزۡيِ يَوۡمِئِذٍۚ

وَٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ	مَعَهُۥ	بِرَحۡمَةٖ مِّنَّا	وَمِنۡ خِزۡيِ يَوۡمِئِذٍۚ
اور ان لوگوں کو جو	ایمان لائے تھے	اس کے ساتھ	اپنی رحمت سے	اور اس (قیامت کے) دن کی رسوائی سے بھی
اور اس (قیامت کے) دن کی رسوائی سے بھی بچا لیا۔				

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ ٱلۡقَوِيُّ ٱلۡعَزِيزُ ٦٦ وَأَخَذَ

إِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	ٱلۡقَوِيُّ	ٱلۡعَزِيزُ ٦٦	وَأَخَذَ
بیشک	آپؐ کا رب	وہی	نہایت طاقتور	سب پر غالب ہے	اور آ پکڑا
بیشک آپؐ کا رب نہایت طاقتور اور سب پر غالب ہے۔					

ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ ٱلصَّيۡحَةُ فَأَصۡبَحُواْ فِي دِيَٰرِهِمۡ جَٰثِمِينَ ٦٧

ٱلَّذِينَ	ظَلَمُواْ	ٱلصَّيۡحَةُ	فَأَصۡبَحُواْ	فِي دِيَٰرِهِمۡ	جَٰثِمِينَ ٦٧
ان لوگوں کو جنہوں نے	ظلم کیا تھا	چیخ نے	تو وہ ہو گئے	اپنے گھروں میں	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے
اور ظالموں کو ایک چیخ نے آ پکڑا تو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔					

كَأَن لَّمۡ يَغۡنَوۡاْ فِيهَآۗ أَلَآ إِنَّ ثَمُودَاْ

كَأَن	لَّمۡ يَغۡنَوۡاْ	فِيهَآۗ	أَلَآ	إِنَّ	ثَمُودَاْ
گویا کہ	وہ نہیں رہے تھے	ان (گھروں) میں	آگاہ رہو!	بیشک	قوم ثمود نے
گویا وہ کبھی ان گھروں میں بسے ہی نہ تھے آگاہ رہو! بیشک قوم ثمود نے اپنے رب کا کفر کیا					

كَفَرُواْ رَبَّهُمۡۗ أَلَا بُعۡدٗا لِّثَمُودَ ٦٨ وَلَقَدۡ

كَفَرُواْ	رَبَّهُمۡۗ	أَلَا	بُعۡدٗا	لِّثَمُودَ ٦٨	وَلَقَدۡ
کفر کیا	اپنے رب کا	سن لو!	دوری ہے	قوم ثمود کے لیے	اور یقیناً
سن لو! ان ثمودیوں پر پھٹکار ہے۔					

جَآءَتۡ رُسُلُنَآ إِبۡرَٰهِيمَ بِٱلۡبُشۡرَىٰ قَالُواْ سَلَٰمٗاۖ

جَآءَتۡ	رُسُلُنَآ	إِبۡرَٰهِيمَ	بِٱلۡبُشۡرَىٰ	قَالُواْ	سَلَٰمٗاۖ
آئے	ہمارے رسول (فرشتے)	ابراہیم کے پاس	خوش خبری کے ساتھ	انہوں نے کہا	سلام (کرتے ہیں ہم)
اور یقیناً ابراہیم کے پاس ہمارے رسول (فرشتے) خوش خبری لے کر آئے انہوں نے کہا سلام (کرتے ہیں ہم)					

قَالَ سَلَٰمٌۖ فَمَا لَبِثَ أَن جَآءَ بِعِجۡلٍ حَنِيذٖ ٦٩

قَالَ	سَلَٰمٌۖ	فَمَا لَبِثَ	أَن	جَآءَ بِعِجۡلٍ	حَنِيذٖ ٦٩
(ابراہیم نے) کہا	سلام (ہو تم پر)	پھر اس (ابراہیم) نے دیر نہ کی	کہ	وہ لے آیا ایک بچھڑا	بھنا ہوا
(ابراہیم نے) کہا سلام (ہو تم پر) پھر اس (ابراہیم) نے دیر نہ کی کہ وہ ایک بھنا ہوا بچھڑا لے آئے۔					

فَلَمَّا رَءَآ أَيۡدِيَهُمۡ لَا تَصِلُ إِلَيۡهِ نَكِرَهُمۡ

فَلَمَّا	رَءَآ	أَيۡدِيَهُمۡ	لَا تَصِلُ	إِلَيۡهِ	نَكِرَهُمۡ
پھر جب	اس (ابراہیم) نے دیکھے	ان کے ہاتھ	کہ نہیں پہنچتے	اس (بچھڑے) کی طرف	وہ ان سے ڈرا
پھر جب ابراہیمؑ نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس بچھڑے کی طرف نہیں پہنچ رہے تو ابراہیمؑ ان سے ڈرے					

وَأَوۡجَسَ مِنۡهُمۡ خِيفَةٗۚ قَالُواْ لَا تَخَفۡ إِنَّآ

وَأَوۡجَسَ	مِنۡهُمۡ	خِيفَةٗۚ	قَالُواْ	لَا تَخَفۡ	إِنَّآ
اور (دل میں) محسوس کیا	ان سے	خوف	انہوں نے کہا	تو (ہم سے) نہ ڈر	بیشک
اور دل میں ان سے خوف محسوس کیا انہوں (فرشتوں) نے کہا آپؑ ڈریئے نہیں					

أُرۡسِلۡنَآ إِلَىٰ قَوۡمِ لُوطٖ ٧٠ وَٱمۡرَأَتُهُۥ قَآئِمَةٞ فَضَحِكَتۡ فَبَشَّرۡنَٰهَا

أُرۡسِلۡنَآ	إِلَىٰ قَوۡمِ لُوطٖ ٧٠	وَٱمۡرَأَتُهُۥ	قَآئِمَةٞ	فَضَحِكَتۡ	فَبَشَّرۡنَٰهَا
بھیجے گئے ہیں	قوم لوط کی طرف	اور اس (ابراہیم) کی بیوی	کھڑی تھی	تو وہ ہنس پڑی	پھر ہم نے اسے خوشخبری دی
بیشک ہم قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور اس (ابراہیم) کی بیوی کھڑی تھی تو وہ ہنس پڑی پھر ہم نے اسے خوشخبری دی					

بِإِسۡحَٰقَ وَمِن وَرَآءِ إِسۡحَٰقَ يَعۡقُوبَ ٧١ قَالَتۡ يَٰوَيۡلَتَىٰٓ ءَأَلِدُ

ءَأَلِدُ	يَٰوَيۡلَتَىٰٓ	قَالَتۡ	يَعۡقُوبَ ٧١	وَمِن وَرَآءِ إِسۡحَٰقَ	بِإِسۡحَٰقَ
کیا اب میں بچہ جنوں گی	ہائے ہائے	اس نے کہا	یعقوبؑ (پوتے) کی	اور اسحاقؑ کے بعد	اسحاقؑ کی

اسحاقؑ کی اور اسحاقؑ کے بعد یعقوبؑ (پوتے) کی۔ اس نے کہا ہائے ہائے کیا اب میں بچہ جنوں گی

وَأَنَا۠ عَجُوزٞ وَهَٰذَا بَعۡلِي شَيۡخًاۖ إِنَّ

إِنَّ	شَيۡخًاۖ	بَعۡلِي	وَهَٰذَا	عَجُوزٞ	وَأَنَا۠
بیشک	بوڑھا ہے	میرا شوہر (بھی)	اور یہ	بڑھیا ہوں	اور میں

اور جبکہ میں بوڑھی ہوں اور میرے شوہر بھی بوڑھے ہیں

هَٰذَا لَشَيۡءٌ عَجِيبٞ ٧٢ قَالُوٓاْ أَتَعۡجَبِينَ مِنۡ أَمۡرِ ٱللَّهِۖ رَحۡمَتُ ٱللَّهِ

رَحۡمَتُ ٱللَّهِ	مِنۡ أَمۡرِ ٱللَّهِۖ	أَتَعۡجَبِينَ	قَالُوٓاْ	لَشَيۡءٌ عَجِيبٞ ٧٢	هَٰذَا
اللہ کی رحمت	اللہ کے حکم سے؟	کیا تو تعجب کرتی ہے	انہوں (فرشتوں) نے کہا	یقیناً ایک عجیب چیز ہے	یہ تو

یہ تو بہت عجیب بات ہے۔ فرشتوں نے کہا کیا آپ اللہ کے فیصلے پر تعجب کرتی ہیں

وَبَرَكَٰتُهُۥ عَلَيۡكُمۡ أَهۡلَ ٱلۡبَيۡتِۚ إِنَّهُۥ حَمِيدٞ مَّجِيدٞ ٧٣

مَّجِيدٞ ٧٣	حَمِيدٞ	إِنَّهُۥ	أَهۡلَ ٱلۡبَيۡتِۚ	عَلَيۡكُمۡ	وَبَرَكَٰتُهُۥ
اور بزرگی والا ہے	قابل تعریف	بلاشبہ وہ (اللہ)	اے اہل بیت	تم پر	اور اس کی برکتیں ہوں

اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں تم پر اے اہل بیت بلاشبہ وہ (اللہ) قابل تعریف اور بزرگی والا ہے۔

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنۡ إِبۡرَٰهِيمَ ٱلرَّوۡعُ وَجَآءَتۡهُ ٱلۡبُشۡرَىٰ

ٱلۡبُشۡرَىٰ	وَجَآءَتۡهُ	ٱلرَّوۡعُ	عَنۡ إِبۡرَٰهِيمَ	ذَهَبَ	فَلَمَّا
خوشخبری	اوراس کے پاس آگئی	خوف	ابراہیمؑ سے	چلا گیا	پھر جب

پھر جب ابراہیمؑ سے خوف دور ہو گیا اوراس کے پاس خوشخبری آگئی

يُجَٰدِلُنَا فِي قَوۡمِ لُوطٍ ﴿٧٤﴾ إِنَّ إِبۡرَٰهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّٰهٌ

أَوَّٰهٌ	لَحَلِيمٌ	إِبۡرَٰهِيمَ	إِنَّ	فِي قَوۡمِ لُوطٍ ﴿٧٤﴾	يُجَٰدِلُنَا
بہت آہ وزاری کرنے والا	یقیناً بڑا بردبار	ابراہیمؑ	بیشک	قوم لوط کے بارے میں	تووہ ہم سے جھگڑ تا تھا

تووہ ہم سے قوم لوط کے بارے میں جھگڑ تا تھا۔ بیشک ابراہیمؑ یقیناً بڑا بردبار بہت آہ وزاری کرنے والارجوع کرنے والا تھا

مُّنِيبٌ ﴿٧٥﴾ يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُ أَعۡرِضۡ عَنۡ هَٰذَآۖ إِنَّهُۥ قَدۡ

قَدۡ	إِنَّهُۥ	عَنۡ هَٰذَآۖ	أَعۡرِضۡ	يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُ	مُّنِيبٌ ﴿٧٥﴾
یقیناً	بیشک	اس (بات) سے	منہ پھیر لے	اے ابراہیمؑ!	رجوع کرنے والا تھا

اے ابراہیمؑ! چھوڑیئے اس معاملے کو'

جَآءَ أَمۡرُ رَبِّكَۖ وَإِنَّهُمۡ ءَاتِيهِمۡ عَذَابٌ

عَذَابٌ	ءَاتِيهِمۡ	وَإِنَّهُمۡ	رَبِّكَۖ	أَمۡرُ	جَآءَ
ایسا عذاب	ان پر آئے گا	اور بلاشبہ وہ لوگ	تیرے رب کا	حکم	آگیا ہے

اب تو آپؐ کے رب کا فیصلہ آچکا ہے اوران پر وہ عذاب آکر ہی رہے گا جو (ان سے) پھیرا نہیں جائے گا۔

غَيْرُ مَرْدُودٍ۝٧٦ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيٓءَ

غَيْرُ مَرْدُودٍ۝٧٦	وَلَمَّا	جَآءَتْ	رُسُلُنَا	لُوطًا	سِيٓءَ
جو (ان سے) پھیرا نہیں جائے گا	اور جب	آئے	ہمارے قاصد (فرشتے)	لوط کے پاس	تو وہ غمگین ہوا
اور جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس آئے تو آپؑ اُن کی وجہ سے بہت غمگین ہوئے					

بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَقَالَ هَـٰذَا

بِهِمْ	وَضَاقَ	بِهِمْ	ذَرْعًا	وَقَالَ	هَـٰذَا
ان کی وجہ سے	اور تنگ ہوا	ان کی وجہ سے	دل میں	اور کہا	یہ
اور آپؑ کا دل بہت تنگ ہوا اور لوطؑ کہنے لگے کہ آج تو بہت سختی کا دن ہے					

يَوْمٌ عَصِيبٌ۝٧٧ وَجَآءَهُۥ قَوْمُهُۥ يُهْرَعُونَ إِلَيْهِ

يَوْمٌ	عَصِيبٌ۝٧٧	وَجَآءَهُۥ	قَوْمُهُۥ	يُهْرَعُونَ	إِلَيْهِ
دن ہے	انتہائی سخت	اور اس کے پاس آئی	اس کی قوم	دوڑتی ہوئی	اس کی طرف
اور آئے آپؑ کی قوم کے لوگ دیوانہ وار دوڑتے ہوئے آپؑ کے (گھر) کی طرف					

وَمِن قَبْلُ كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ٱلسَّيِّـَٔاتِ ۚ قَالَ يَـٰقَوْمِ هَـٰٓؤُلَآءِ

وَمِن قَبْلُ	كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ	ٱلسَّيِّـَٔاتِ ۚ	قَالَ	يَـٰقَوْمِ	هَـٰٓؤُلَآءِ
اور پہلے ہی سے	وہ عمل کیا کرتے تھے	بُرے	اس (لوط) نے کہا	اے میری قوم!	یہ ہیں
اور وہ پہلے ہی سے بُرے کام کیا کرتے تھے اس (لوط) نے کہا اے میری قوم!					

بَنَاتِي هُنَّ أَطۡهَرُ لَكُمۡۖ فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ

فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ	لَكُمۡۖ	أَطۡهَرُ	هُنَّ	بَنَاتِي
پس تم اللہ سے ڈرو	تمھارے لیے	بہت پاکیزہ ہیں	وہ	میری بیٹیاں (قوم کی'ان سے نکاح کرلو)
یہ میری بیٹیاں (قوم کی موجود) ہیں وہ تمھارے لیے زیادہ پاکیزہ ہیں پس تم اللہ سے ڈرو				

وَلَا تُخۡزُونِ فِي ضَيۡفِيٓۖ أَلَيۡسَ مِنكُمۡ رَجُلٞ رَّشِيدٞ ٧٨

رَّشِيدٞ ٧٨	رَجُلٞ	مِنكُمۡ	أَلَيۡسَ	فِي ضَيۡفِيٓۖ	وَلَا تُخۡزُونِ
بھلا؟	کوئی بھی مرد	تم میں	کیا نہیں ہے	میرے مہمانوں میں	اور تم مجھے رسوانہ کرو
اور تم مجھے میرے مہمانوں کے معاملے میں رسوانہ کرو کیا تم میں ایک بھی بھلا آدمی نہیں؟					

قَالُواْ لَقَدۡ عَلِمۡتَ مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنۡ حَقّٖ

مِنۡ حَقّٖ	فِي بَنَاتِكَ	مَا لَنَا	عَلِمۡتَ	لَقَدۡ	قَالُواْ
کوئی حق (دلچسپی)	تیری (قوم کی) بیٹیوں میں	ہمارے لیے نہیں ہے	تو جانتا ہے کہ	یقیناً	انہوں نے کہا
انہوں نے کہا یقیناً تو جانتا ہے کہ ہمیں تیری (قوم کی) بیٹیوں میں کوئی دلچسپی نہیں ہے					

وَإِنَّكَ لَتَعۡلَمُ مَا نُرِيدُ ٧٩ قَالَ لَوۡ أَنَّ

لَوۡ أَنَّ	قَالَ	نُرِيدُ ٧٩	مَا	لَتَعۡلَمُ	وَإِنَّكَ
کاش کہ بیشک	اس (لوطؑ) کہا	ہم چاہتے ہیں	جو	یقیناً جانتا ہے	اور بیشک تو
اور تم خوب جانتے ہو جو ہم چاہتے ہیں۔ اس (لوطؑ) کہا					

لِي بِكُمۡ قُوَّةً أَوۡ ءَاوِيٓ إِلَىٰ رُكۡنٖ شَدِيدٖ۝٨٠

لِي	بِكُمۡ	قُوَّةً	أَوۡ	ءَاوِيٓ	إِلَىٰ رُكۡنٖ شَدِيدٖ۝٨٠
(ہوتی)میرے لیے	تمھارے مقابلے میں	کوئی قوت	یا	میں پناہ لیتا	کسی مضبوط سہارے کی طرف
کاش میرے پاس تمھارے مقابلے کے لیے کوئی طاقت ہوتی یا کوئی مضبوط سہارا ہوتا جس کی میں پناہ لے لیتا۔					

قَالُواْ يَٰلُوطُ إِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَن يَصِلُوٓاْ

قَالُواْ	يَٰلُوطُ	إِنَّا	رُسُلُ	رَبِّكَ	لَن يَصِلُوٓاْ
(فرشتوں نے)کہا	اے لوطؑ	بیشک ہم	قاصد(فرشتے)ہیں	تیرے رب کے	وہ ہرگز نہیں پہنچ سکیں گے
(فرشتوں نے)کہا اے لوطؑ! بیشک ہم آپؐ کے رب کے بھیجے ہوئے(فرشتے)ہیں یہ لوگ آپؐ تک نہیں پہنچ پائیں گے					

إِلَيۡكَۖ فَأَسۡرِ بِأَهۡلِكَ بِقِطۡعٖ مِّنَ ٱلَّيۡلِ وَلَا يَلۡتَفِتۡ مِنكُمۡ

إِلَيۡكَۖ	فَأَسۡرِ	بِأَهۡلِكَ	بِقِطۡعٖ مِّنَ ٱلَّيۡلِ	وَلَا يَلۡتَفِتۡ	مِنكُمۡ
تجھ تک	لہذا تو لے چل	اپنے گھر والوں کو	رات کے ایک حصے میں	اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھے	تم میں سے
لہذا تو رات کے ایک حصے میں اپنے گھر والوں کو لے چل اور کوئی بھی تم میں سے پیچھے مڑ کر نہ دیکھے					

أَحَدٌ إِلَّا ٱمۡرَأَتَكَۖ إِنَّهُۥ مُصِيبُهَا مَآ

أَحَدٌ	إِلَّا	ٱمۡرَأَتَكَۖ	إِنَّهُۥ	مُصِيبُهَا	مَآ
کوئی بھی	سوائے	تیری بیوی کے	بیشک	اسے پہنچنے والا ہے	وہ(عذاب)جو
سوائے تیری بیوی کے'اس پر بھی وہی مصیبت آئے گی جو سب پر آنے والی ہے					

أَصَابَهُمْۚ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ ٱلصُّبْحُۚ أَلَيْسَ ٱلصُّبْحُ

ٱلصُّبْحُ	أَلَيْسَ	ٱلصُّبْحُۚ	مَوْعِدَهُمُ	إِنَّ	أَصَابَهُمْۚ
صبح	کیا نہیں ہے	صبح ہے	ان کے وعدے کا وقت	بیشک	انہیں پہنچے گا

بیشک ان کے وعدے کا وقت صبح ہے کیا صبح قریب نہیں ہے

بِقَرِيبٍ﴿٨١﴾ فَلَمَّا جَآءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا

عَالِيَهَا	جَعَلْنَا	أَمْرُنَا	جَآءَ	فَلَمَّا	بِقَرِيبٍ﴿٨١﴾
اس کے اوپر کے حصے کو	تو ہم نے کر دیا	ہمارا حکم (عذاب)	آگیا	پھر جب	قریب؟

پھر جب ہمارا حکم (عذاب) آگیا تو ہم نے اس کے اوپر کے حصے کو نیچے کر دیا

سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ

مِّن سِجِّيلٍ	حِجَارَةً	عَلَيْهَا	وَأَمْطَرْنَا	سَافِلَهَا
کھنگر (کی قسم) سے	پتھر	اس (بستی) پر	اور ہم نے برسائے	اس کے نیچے والا (اور نیچے والے حصے کو اوپر)

اور ان پر کنکریلے پتھر برسائے جو تہ بہ تہ اور نشان زدہ تھے۔

مَّنضُودٍ﴿٨٢﴾ مُّسَوَّمَةً عِندَ رَبِّكَۖ وَمَا هِيَ مِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ بِبَعِيدٍ﴿٨٣﴾

بِبَعِيدٍ﴿٨٣﴾	مِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ	وَمَا هِيَ	عِندَ رَبِّكَۖ	مُّسَوَّمَةً	مَّنضُودٍ﴿٨٢﴾
کچھ دور	ظالموں سے	اور نہیں ہے وہ (بستی)	آپؐ کے رب کے ہاں سے	نشان زدہ تھے	جو تہ بہ تہ اور

آپؐ کے رب کے ہاں سے 'اور یہ بستی ان ظالموں سے کوئی زیادہ دور نہیں ہے۔

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًاۚ قَالَ يَٰقَوْمِ ٱعْبُدُواْ ٱللَّهَ

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ	أَخَاهُمْ	شُعَيْبًاۚ	قَالَ	يَٰقَوْمِ	ٱعْبُدُواْ ٱللَّهَ
اور (ہم نے بھیجا اہل) مدین کی طرف	ان کے بھائی	شعیبؑ کو	اس نے کہا	اے میری قوم!	تم اللہ کی عبادت کرو
اور مدین کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا شعیبؑ نے کہا اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو					

مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُۥۖ وَلَا تَنقُصُواْ ٱلْمِكْيَالَ وَٱلْمِيزَانَۖ

مَا لَكُم	مِّنْ إِلَٰهٍ	غَيْرُهُۥۖ	وَلَا تَنقُصُواْ	ٱلْمِكْيَالَ	وَٱلْمِيزَانَۖ
تمھارے لیے نہیں ہے	کوئی معبود	اس کے سوا	اور تم کم نہ کرو	ماپ	اور تول
تمھارا اس (اللہ) کے سوا کوئی معبود نہیں ۔ اور تم کم نہ کرو ماپ اور تول کو					

إِنِّيٓ أَرَىٰكُم بِخَيْرٍ وَإِنِّيٓ أَخَافُ عَلَيْكُمْ

إِنِّيٓ	أَرَىٰكُم	بِخَيْرٍ	وَإِنِّيٓ	أَخَافُ	عَلَيْكُمْ
بیشک میں	تمھیں دیکھتا ہوں	اچھی حالت میں	اور بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر
بیشک میں تمھیں اچھی حالت میں دیکھتا ہوں لیکن (اگر تم لوگ ان غلط کاریوں سے باز نہ آئے تو) مجھے اندیشہ ہے					

عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيطٍ ﴿٨٤﴾ وَيَٰقَوْمِ أَوْفُواْ ٱلْمِكْيَالَ وَٱلْمِيزَانَ بِٱلْقِسْطِۖ

عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيطٍ ﴿٨٤﴾	وَيَٰقَوْمِ	أَوْفُواْ	ٱلْمِكْيَالَ	وَٱلْمِيزَانَ	بِٱلْقِسْطِۖ
گھیرنے والے دن کے عذاب سے	اور اے میری قوم!	تم پورا کرو	ماپ	اور تول	انصاف کے ساتھ
تم پر ایک ایسے دن کے عذاب کا جو تمھیں گھیر لے گا۔ اور اے میری قوم! تم ماپ اور تول انصاف کے ساتھ پورا کرو					

وَلَا تَبۡخَسُواْ ٱلنَّاسَ أَشۡيَآءَهُمۡ وَلَا تَعۡثَوۡاْ فِي ٱلۡأَرۡضِ مُفۡسِدِينَ﴿٨٥﴾

وَلَا تَبۡخَسُواْ	ٱلنَّاسَ	أَشۡيَآءَهُمۡ	وَلَا تَعۡثَوۡاْ	فِي ٱلۡأَرۡضِ	مُفۡسِدِينَ﴿٨٥﴾
اور تم کم نہ دو	لوگوں کو	ان کی چیزیں	اور تم نہ پھرو	زمین میں	فسادی بن کر

اور تم لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فسادی بن کر نہ پھرو

بَقِيَّتُ ٱللَّهِ خَيۡرٞ لَّكُمۡ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَۚ

بَقِيَّتُ ٱللَّهِ	خَيۡرٞ	لَّكُمۡ	إِن	كُنتُم	مُّؤۡمِنِينَۚ
اللہ کی بچت (جائز منافع)	بہتر ہے	تمھارے لیے	اگر	تم ہو	مومن

اللہ کی بچت (جائز منافع) تمھارے لیے بہتر ہے اگر تم مومن ہو

وَمَآ أَنَا۠ عَلَيۡكُم بِحَفِيظٖ﴿٨٦﴾ قَالُواْ يَٰشُعَيۡبُ أَصَلَوٰتُكَ

وَمَآ أَنَا۠	عَلَيۡكُم	بِحَفِيظٖ﴿٨٦﴾	قَالُواْ	يَٰشُعَيۡبُ	أَصَلَوٰتُكَ
اور میں نہیں ہوں	تم پر	نگران	انہوں نے کہا	اے شعیبؑ!	کیا تیری نماز

اور میں تم پر نگران نہیں ہوں۔ انہوں نے کہا اے شعیبؑ! کیا تمھاری نماز تمھیں اس بات کا حکم دیتی ہے

تَأۡمُرُكَ أَن نَّتۡرُكَ مَا يَعۡبُدُ ءَابَآؤُنَآ أَوۡ

تَأۡمُرُكَ	أَن نَّتۡرُكَ	مَا	يَعۡبُدُ	ءَابَآؤُنَآ	أَوۡ
تجھے حکم دیتی ہے	یہ کہ ہم چھوڑ دیں	ان (معبودوں) کو جن کی	عبادت کرتے تھے	ہمارے باپ دادا	یا

یہ کہ ہم چھوڑ دیں ان (معبودوں) کو جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے تھے یا (تمھاری نماز یہ سکھاتی ہے کہ)

أَن نَّفۡعَلَ فِيٓ أَمۡوَٰلِنَا مَا نَشَٰٓؤُاْۖ إِنَّكَ لَأَنتَ ٱلۡحَلِيمُ ٱلرَّشِيدُ٨٧

ٱلرَّشِيدُ٨٧	ٱلۡحَلِيمُ	إِنَّكَ لَأَنتَ	مَا نَشَٰٓؤُاْۖ	فِيٓ أَمۡوَٰلِنَا	أَن نَّفۡعَلَ
بڑا سمجھدار ہے	بُردبار	بلاشبہ تُو تو یقیناً	جو ہم چاہیں	اپنے مالوں میں	ہم کرنا (چھوڑ دیں)
ہم اپنے اموال میں اپنی مرضی کے مطابق تصرف نہ کریں بلاشبہ تُو تو بڑا ہی بُردبار اور نیک چلن آدمی ہے۔					

قَالَ يَٰقَوۡمِ أَرَءَيۡتُمۡ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٖ

عَلَىٰ بَيِّنَةٖ	كُنتُ	إِن	أَرَءَيۡتُمۡ	يَٰقَوۡمِ	قَالَ
واضح دلیل پر	میں ہوں	اگر	بھلا بتلاؤ تو	اے میری قوم!	اس (شعیبؑ) نے کہا
اس (شعیبؑ) نے کہا اے میری قوم! بھلا بتلاؤ تو اگر میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہوں					

مِّن رَّبِّي وَرَزَقَنِي مِنۡهُ رِزۡقًا حَسَنٗاۚ

حَسَنٗاۚ	رِزۡقًا	مِنۡهُ	وَرَزَقَنِي	مِّن رَّبِّي
اچھا (تو کیسے اسکی نافرمانی کروں؟)	رزق	اپنی طرف سے	اور اُس نے مجھے دیا ہو	اپنے رب کی طرف سے
اور اُس نے مجھے اپنی طرف سے اچھا رزق دیا ہو (تو کیسے اسکی نافرمانی کروں؟)				

وَمَآ أُرِيدُ أَنۡ أُخَالِفَكُمۡ إِلَىٰ مَآ أَنۡهَىٰكُمۡ عَنۡهُۚ

عَنۡهُۚ	أَنۡهَىٰكُمۡ	إِلَىٰ مَآ	أَنۡ أُخَالِفَكُمۡ	وَمَآ أُرِيدُ
اس سے	میں تمھیں روکتا ہوں	(اور اختیار کروں) ان کاموں کو کہ	یہ کہ میں تمھاری مخالفت کروں	اور میں نہیں چاہتا
اور میں ہرگز نہیں چاہتا کہ جس چیز سے تم لوگوں کو منع کروں خود وہی کام کروں				

إِنْ أُرِيدُ إِلَّا ٱلْإِصْلَٰحَ مَا ٱسْتَطَعْتُۚ وَمَا تَوْفِيقِىٓ

وَمَا تَوْفِيقِىٓ	ٱسْتَطَعْتُۚ	مَا	ٱلْإِصْلَٰحَ	إِلَّا	إِنْ أُرِيدُ
اور مجھے توفیق نہیں ہے	میں طاقت رکھتا ہوں	جس قدر	(تمھاری) اصلاح	سوائے	میں نہیں چاہتا

میں تو کچھ نہیں چاہتا سوائے اصلاح کے جس قدر مجھ میں استطاعت ہے میری توفیق تو اللہ ہی کی مدد سے ہے

إِلَّا بِٱللَّهِۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿٨٨﴾

أُنِيبُ ﴿٨٨﴾	وَإِلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	عَلَيْهِ	بِٱللَّهِۚ	إِلَّا
میں رجوع کرتا ہوں	اور اسی کی طرف	میں نے بھروسہ کیا	اُسی پر	اللہ (کی مدد) کے ساتھ	مگر

اُسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔

وَيَٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِىٓ أَن يُصِيبَكُم مِّثْلُ

مِّثْلُ	يُصِيبَكُم	أَن	شِقَاقِىٓ	لَا يَجْرِمَنَّكُمْ	وَيَٰقَوْمِ
مثل	تمھیں پہنچے	اس بات پر کہ	میری مخالفت	تمھیں ہرگز نہ اکسائے	اور اے میری قوم!

اور اے میری قوم! تمھیں میری مخالفت اس بات پر ہرگز نہ اکسائے

مَآ أَصَابَ قَوْمَ نُوحٍ أَوْ قَوْمَ هُودٍ أَوْ

أَوْ	قَوْمَ هُودٍ	أَوْ	قَوْمَ نُوحٍ	أَصَابَ	مَآ
یا	قوم ہود کو	یا	قوم نوح کو	پہنچا تھا	اس (عذاب) کہ جو

کہ تم پر بھی وہی عذاب آجائے جیسا کہ آیا تھا قوم نوحؑ، قوم ہودؑ یا قوم صالحؑ پر۔

قَوْمَ صَٰلِحٍۚ وَمَا قَوْمُ لُوطٍ مِّنكُم بِبَعِيدٍ ۝٨٩ وَٱسْتَغْفِرُواْ رَبَّكُمْ

رَبَّكُمْ	وَٱسْتَغْفِرُواْ	بِبَعِيدٍ ۝٨٩	مِّنكُم	وَمَا قَوْمُ لُوطٍ	قَوْمَ صَٰلِحٍۚ
اپنے رب سے	اور تم بخشش طلب کرو	کچھ دور	تم سے	اور نہیں ہے قوم لوطؑ	قوم صالح کو

اور قوم لوطؑ تم سے کچھ دور نہیں ہے۔ اور استغفار کرو اپنے رب سے

ثُمَّ تُوبُوٓاْ إِلَيْهِۚ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ

رَحِيمٌ	رَبِّي	إِنَّ	إِلَيْهِۚ	تُوبُوٓاْ	ثُمَّ
رحم کرنے والا	میرا رب	بیشک	اس کی طرف	تم توبہ کرو	پھر

پھر اس کی طرف رجوع کرو۔ بیشک میرا رب رحم کرنے والا محبت کرنے والا ہے۔

وَدُودٌ ۝٩٠ قَالُواْ يَٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا

مِّمَّا	كَثِيرًا	مَا نَفْقَهُ	يَٰشُعَيْبُ	قَالُواْ	وَدُودٌ ۝٩٠
اس میں سے جو	بہت کچھ	ہم نہیں سمجھتے	اے شعیب!	انہوں نے کہا	محبت کرنے والا ہے

انہوں نے کہا اے شعیب! تم جو کچھ کہتے ہو اس میں سے اکثر باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں

تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرَىٰكَ فِينَا ضَعِيفًاۖ وَلَوْلَا

وَلَوْلَا	ضَعِيفًاۖ	فِينَا	لَنَرَىٰكَ	وَإِنَّا	تَقُولُ
اور اگر نہ ہوتا	کمزور	اپنے درمیان	یقیناً تجھے دیکھتے ہیں	اور بیشک ہم	تو کہتا ہے

اور ہم تو تجھے اپنے اندر بہت کمزور پاتے ہیں اگر تیرے قبیلے کا خیال نہ ہوتا

رَهۡطُكَ لَرَجَمۡنَٰكَۖ وَمَآ أَنتَ عَلَيۡنَا بِعَزِيزٖ ۝٩١ قَالَ

قَالَ	بِعَزِيزٖ ۝٩١	عَلَيۡنَا	وَمَآ أَنتَ	لَرَجَمۡنَٰكَۖ	رَهۡطُكَ
اس (شعیب) نے کہا	غالب	ہم پر	اور تو نہیں ہے	تو ہم یقیناً تجھے سنگسار کر دیتے	تیرا قبیلہ

تو ہم یقیناً تجھے سنگسار کر دیتے اور تم ہم پر غالب نہیں ہو۔ اس (شعیب) نے کہا

يَٰقَوۡمِ أَرَهۡطِيٓ أَعَزُّ عَلَيۡكُم مِّنَ ٱللَّهِ وَٱتَّخَذۡتُمُوهُ

وَٱتَّخَذۡتُمُوهُ	مِّنَ ٱللَّهِ	عَلَيۡكُم	أَعَزُّ	أَرَهۡطِيٓ	يَٰقَوۡمِ
اور تم نے بنا رکھا ہے اس (اللہ) کو	اللہ سے ؟	تم پر	زیادہ دباؤ والا ہے	کیا میرا قبیلہ	اے میری قوم !

اے میری قوم ! کیا میرا قبیلہ (خاندان) تم پر اللہ سے زیادہ بھاری ہے ؟

وَرَآءَكُمۡ ظِهۡرِيًّاۖ إِنَّ رَبِّي بِمَا تَعۡمَلُونَ مُحِيطٞ ۝٩٢

مُحِيطٞ ۝٩٢	تَعۡمَلُونَ	بِمَا	رَبِّي	إِنَّ	وَرَآءَكُمۡ ظِهۡرِيًّاۖ
احاطہ کرنے والا ہے	تم عمل کر رہے ہو	اس کا جو	میرا رب	بیشک	اپنے پیٹھ پیچھے پھینکا ہوا

اور اُس اللہ کو تم نے اپنی پیٹھوں کے پیچھے ڈال رکھا ہے۔ بیشک میرا رب تو اُس سب کا احاطہ کیے ہوئے ہے جو کچھ تم کر رہے ہو۔

وَيَٰقَوۡمِ ٱعۡمَلُواْ عَلَىٰ مَكَانَتِكُمۡ إِنِّي عَٰمِلٞۖ سَوۡفَ

سَوۡفَ	عَٰمِلٞۖ	إِنِّي	عَلَىٰ مَكَانَتِكُمۡ	ٱعۡمَلُواْ	وَيَٰقَوۡمِ
جلدی ہی	عمل کر رہا ہوں	بلاشبہ میں (بھی)	اپنی جگہ پر	تم عمل کرو	اور اے میری قوم !

اور اے میری قوم ! تم اپنی جگہ پر عمل کرو بلاشبہ میں (بھی) عمل کر رہا ہوں

تَعۡلَمُونَ مَن يَأۡتِيهِ عَذَابٞ يُخۡزِيهِ وَمَنۡ هُوَ

وَمَنۡ هُوَ	يُخۡزِيهِ	عَذَابٞ	يَأۡتِيهِ	مَن	تَعۡلَمُونَ
اور کون ہے جو	جو اسے رسوا کرے گا؟	ایسا عذاب	اس پر آتا ہے	کون شخص ہے کہ	تم جان لوگے

عنقریب تم جان لوگے کہ کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کرے گا؟ اور کون ہے جو جھوٹا ہے

كَٰذِبٞۖ وَٱرۡتَقِبُوٓاْ إِنِّي مَعَكُمۡ رَقِيبٞ ۝٩٣ وَلَمَّا

وَلَمَّا	رَقِيبٞ ۝٩٣	مَعَكُمۡ	إِنِّي	وَٱرۡتَقِبُوٓاْ	كَٰذِبٞۖ
اور جب	انتظار کرنے والا ہوں	تمھارے ساتھ	بیشک میں (بھی)	اور تم انتظار کرو	جھوٹا ہے؟

اور تم انتظار کرو بیشک میں (بھی) تمھارے ساتھ انتظار کرنے والا ہوں۔

جَآءَ أَمۡرُنَا نَجَّيۡنَا شُعَيۡبٗا وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

ءَامَنُواْ	وَٱلَّذِينَ	شُعَيۡبٗا	نَجَّيۡنَا	أَمۡرُنَا	جَآءَ
ایمان لائے تھے	اور ان لوگوں کو جو	شعیبؑ کو	تو ہم نے نجات دی	ہمارا حکم (عذاب)	آیا

اور جب ہمارا حکم (عذاب) آیا تو ہم نے اپنی رحمت سے نجات دی شعیبؑ کو

مَعَهُۥ بِرَحۡمَةٖ مِّنَّا وَأَخَذَتِ ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ ٱلصَّيۡحَةُ

ٱلصَّيۡحَةُ	ظَلَمُواْ	ٱلَّذِينَ	وَأَخَذَتِ	بِرَحۡمَةٖ مِّنَّا	مَعَهُۥ
چیخ نے	ظلم کیا تھا	ان لوگوں کو جنھوں نے	اور آپکڑا	اپنی خاص رحمت سے	اس کے ساتھ

اور اُن لوگوں کو جو آپؑ کے ساتھ ایمان لائے تھے اور ظالموں کو آپکڑا ایک چیخ نے

فَأَصۡبَحُواْ فِي دِيَٰرِهِمۡ جَٰثِمِينَ ٩٤ كَأَن لَّمۡ يَغۡنَوۡاْ فِيهَآۗ

فِيهَآۗ	لَّمۡ يَغۡنَوۡاْ	كَأَن	جَٰثِمِينَ ٩٤	فِي دِيَٰرِهِمۡ	فَأَصۡبَحُواْ
ان میں	وہ نہ رہے تھے	گویا کہ	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	اپنے گھروں میں	تو وہ ہو گئے
تو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ جیسے کہ وہ کبھی ان (گھروں) میں آباد ہی نہ تھے					

أَلَا بُعۡدٗا لِّمَدۡيَنَ كَمَا بَعِدَتۡ ثَمُودُ ٩٥

ثَمُودُ ٩٥	بَعِدَتۡ	كَمَا	لِّمَدۡيَنَ	بُعۡدٗا	أَلَا
ثمود	دور ہوئے تھے	جیسے (رحمت سے)	اہل مدین کے لیے	دوری ہے	آگاہ رہو!
آگاہ رہو! دوری ہے اہل مدین کے لیے جیسے (رحمت سے) دور ہوئے تھے ثمود					

وَلَقَدۡ أَرۡسَلۡنَا مُوسَىٰ بِـَٔايَٰتِنَا وَسُلۡطَٰنٖ مُّبِينٍ ٩٦

وَسُلۡطَٰنٖ مُّبِينٍ ٩٦	بِـَٔايَٰتِنَا	مُوسَىٰ	أَرۡسَلۡنَا	وَلَقَدۡ
اور واضح دلائل (کے ساتھ)	اپنی آیات کے ساتھ	موسیٰ کو	ہم نے بھیجا	اور یقیناً
اور یقیناً ہم نے موسیٰ کو اپنی آیات کے ساتھ اور واضح دلائل (کے ساتھ) بھیجا۔				

إِلَىٰ فِرۡعَوۡنَ وَمَلَإِيْهِۦ فَٱتَّبَعُوٓاْ أَمۡرَ فِرۡعَوۡنَۖ وَمَآ أَمۡرُ فِرۡعَوۡنَ

وَمَآ أَمۡرُ فِرۡعَوۡنَ	أَمۡرَ فِرۡعَوۡنَۖ	فَٱتَّبَعُوٓاْ	إِلَىٰ فِرۡعَوۡنَ وَمَلَإِيْهِۦ
اور فرعون کا حکم نہیں تھا	فرعون کے حکم کی	تو انہوں نے پیروی کی	فرعون اور اس (کی قوم) کے سرداروں کی طرف
فرعون اور اس (کی قوم) کے سرداروں کی طرف 'لیکن انہوں نے فرعون ہی کی پیروی کی حالانکہ فرعون کا حکم بھلائی والا نہ تھا			

بِرَشِيدٍ﴿٩٧﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهُۥ يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ فَأَوْرَدَهُمُ ٱلنَّارَ ۖ

بِرَشِيدٍ﴿٩٧﴾	يَقْدُمُ	قَوْمَهُۥ	يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ	فَأَوْرَدَهُمُ	ٱلنَّارَ ۖ
بھلائی والا	وہ آگے آگے ہو گا	اپنی قوم کے	قیامت کے دن	پھر وہ انہیں داخل کرے گا	آگ میں

قیامت کے دن وہ اپنی قوم کے آگے آگے ہو گا پھر وہ انہیں آگ میں داخل کرے گا

وَبِئْسَ ٱلْوِرْدُ ٱلْمَوْرُودُ﴿٩٨﴾ وَأُتْبِعُوا۟ فِى هَـٰذِهِۦ لَعْنَةً

وَبِئْسَ	ٱلْوِرْدُ	ٱلْمَوْرُودُ﴿٩٨﴾	وَأُتْبِعُوا۟	فِى هَـٰذِهِۦ	لَعْنَةً
اور برا ہے وہ	گھاٹ	جس پر وہ لائے جائیں گے	اور ان کے پیچھے لگادی گئی	اس (دنیا) میں	لعنت

اور برا ہے وہ گھاٹ جس پر وہ لائے جائیں گے۔ اور اس (دنیا) میں ان کے پیچھے لعنت لگادی گئی

وَيَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ ۚ بِئْسَ ٱلرِّفْدُ ٱلْمَرْفُودُ﴿٩٩﴾ ذَٰلِكَ مِنْ أَنۢبَآءِ

وَيَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ ۚ	بِئْسَ	ٱلرِّفْدُ	ٱلْمَرْفُودُ﴿٩٩﴾	ذَٰلِكَ	مِنْ أَنۢبَآءِ
اور قیامت کے دن بھی	برا ہے	عطیہ	جو انہیں دیا جائے گا	یہ	کچھ خبریں ہیں

اور قیامت کے دن بھی۔ بہت ہی بُرا ہے وہ انعام جو اُن کو ملنے والا ہے۔ یہ کچھ خبریں ہیں

ٱلْقُرَىٰ نَقُصُّهُۥ عَلَيْكَ ۖ مِنْهَا قَآئِمٌ

ٱلْقُرَىٰ	نَقُصُّهُۥ	عَلَيْكَ ۖ	مِنْهَا	قَآئِمٌ
ان (تباہ شدہ) بستیوں کی	ہم انہیں بیان کرتے ہیں	آپؐ پر	ان میں سے کچھ	قائم ہیں

ان (تباہ شدہ) بستیوں کی جو ہم آپؐ کو بتا رہے ہیں ان میں سے کچھ قائم ہیں

وَحَصِيدٌ۝١٠٠ وَمَا ظَلَمۡنَٰهُمۡ وَلَٰكِن ظَلَمُوٓاْ أَنفُسَهُمۡۖ

أَنفُسَهُمۡۖ	ظَلَمُوٓاْ	وَلَٰكِن	وَمَا ظَلَمۡنَٰهُمۡ	وَحَصِيدٌ۝١٠٠
اپنی جانوں پر	انہوں نے خود ظلم کیا	اور لیکن	اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا	اور کچھ کاٹ کر (تباہ کر) دی گئی ہیں

اور کچھ کاٹ کر (تباہ کر) دی گئی ہیں۔ اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن انہوں نے خود اپنی جانوں پر ظلم کیا

فَمَآ أَغۡنَتۡ عَنۡهُمۡ ءَالِهَتُهُمُ ٱلَّتِي يَدۡعُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ

مِن دُونِ ٱللَّهِ	يَدۡعُونَ	ٱلَّتِي	ءَالِهَتُهُمُ	عَنۡهُمۡ	فَمَآ أَغۡنَتۡ
اللہ کے سوا	وہ پکارتے تھے	جنہیں	ان کے معبودوں نے	انہیں	پھر فائدہ نہ دیا

تو ان کے کچھ بھی کام نہ آسکے ان کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارتے تھے

مِن شَيۡءٍ لَّمَّا جَآءَ أَمۡرُ رَبِّكَۖ وَمَا زَادُوهُمۡ غَيۡرَ تَتۡبِيبٍ۝١٠١

غَيۡرَ تَتۡبِيبٍ۝١٠١	وَمَا زَادُوهُمۡ	أَمۡرُ رَبِّكَۖ	جَآءَ	لَّمَّا	مِن شَيۡءٍ
سوائے تباہی کے	اور انہوں نے انہیں زیادہ نہ کیا	آپؐ کے رب کا حکم (عذاب)	آگیا	جب	کچھ بھی

جب آپؐ کے رب کا حکم (عذاب) آگیا اور انہوں نے کچھ اضافہ نہ کیا ان کے حق میں مگر بربادی ہی کا۔

وَكَذَٰلِكَ أَخۡذُ رَبِّكَ إِذَآ أَخَذَ ٱلۡقُرَىٰ وَهِيَ

وَهِيَ	ٱلۡقُرَىٰ	أَخَذَ	إِذَآ	أَخۡذُ رَبِّكَ	وَكَذَٰلِكَ
اس حال میں کہ وہ	بستیوں کو	وہ پکڑتا ہے	جب	آپؐ کے رب کی پکڑ	اور اسی طرح ہے

اور (اے نبی ﷺ) ایسے ہی ہوتی ہے پکڑ آپؐ کے رب کی' جب وہ پکڑتا ہے بستیوں کو جبکہ وہ ظالم ہوتیں ہیں

ظَٰلِمَةٌۚ إِنَّ أَخۡذَهُۥٓ أَلِيمٞ شَدِيدٌ ﴿١٠٢﴾ إِنَّ

إِنَّ	شَدِيدٌ ﴿١٠٢﴾	أَلِيمٞ	أَخۡذَهُۥٓ	إِنَّ	ظَٰلِمَةٌۚ
بیشک	انتہائی سخت ہے	نہایت دردناک اور	اس کی پکڑ	یقیناً	ظالم ہوتی ہیں

یقیناً اس کی پکڑ نہایت دردناک اور انتہائی سخت ہے۔

فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَةٗ لِّمَنۡ خَافَ عَذَابَ ٱلۡأٓخِرَةِۚ ذَٰلِكَ

ذَٰلِكَ	عَذَابَ ٱلۡأٓخِرَةِۚ	خَافَ	لِّمَنۡ	لَأٓيَةٗ	فِي ذَٰلِكَ
وہ (یوم آخرت)	آخرت کے عذاب سے	ڈر گیا	اس شخص کے لیے جو	یقیناً نشان (عبرت) ہے	اس میں

یقیناً اس میں نشان عبرت ہے ان لوگوں کے لیے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتے ہیں

يَوۡمٞ مَّجۡمُوعٞ لَّهُ ٱلنَّاسُ وَذَٰلِكَ يَوۡمٞ

يَوۡمٞ	وَذَٰلِكَ	ٱلنَّاسُ	لَّهُ	مَّجۡمُوعٞ	يَوۡمٞ
دن ہے کہ	اور وہ	سب لوگ	اس میں	جمع کیے جائیں گے	ایک دن ہے کہ

وہ ایک ایسا دن ہے جس میں لوگوں کو جمع کیا جائے گا اور وہ دن ہے پیشی کا۔

مَّشۡهُودٞ ﴿١٠٣﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهُۥٓ إِلَّا لِأَجَلٖ مَّعۡدُودٖ ﴿١٠٤﴾ يَوۡمَ

يَوۡمَ	لِأَجَلٖ مَّعۡدُودٖ ﴿١٠٤﴾	إِلَّا	وَمَا نُؤَخِّرُهُۥٓ	مَّشۡهُودٞ ﴿١٠٣﴾
جس دن	وقت مقرر (پورا کرنے) کے لیے	مگر	اور ہم نہیں مؤخر کرتے اس دن کو	جس میں سب حاضر کیے جائیں گے

اور ہم اسے ایک وقت معین تک کے لیے مؤخر کیے ہوئے ہیں۔

يَأْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ إِلَّا بِإِذْنِهِۦۚ فَمِنْهُمْ

فَمِنْهُمْ	بِإِذْنِهِۦۚ	إِلَّا	نَفْسٌ	لَا تَكَلَّمُ	يَأْتِ
پھر کوئی ان میں سے	اس (اللہ) کے حکم سے	مگر	کوئی شخص	تو کلام نہیں کرے گا	وہ آجائے گا
جب وہ دن آجائے گا تو کوئی شخص اللہ کے حکم کے بغیر کلام نہیں کرے گا پھر کوئی ان (انسانوں) میں سے					

شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ ﴿١٠٥﴾ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ شَقُوا۟ فَفِى ٱلنَّارِ

فَفِى ٱلنَّارِ	شَقُوا۟	ٱلَّذِينَ	فَأَمَّا	وَسَعِيدٌ ﴿١٠٥﴾	شَقِيٌّ
تو وہ آگ میں ہونگے	بد بخت ہونگے	وہ لوگ جو	پھر لیکن	اور کوئی نیک بخت	بد بخت ہوگا
بد بخت ہوگا اور کوئی نیک بخت۔ پھر لیکن بد بخت لوگ آگ میں ہونگے					

لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَشَهِيقٌ ﴿١٠٦﴾ خَٰلِدِينَ فِيهَا

فِيهَا	خَٰلِدِينَ	وَشَهِيقٌ ﴿١٠٦﴾	زَفِيرٌ	لَهُمْ فِيهَا
اس (آگ) میں	وہ ہمیشہ رہیں گے	اور دہاڑنا	چیخنا چلانا	ان کے لیے اس (آگ) میں ہوگا
ان کے لیے اس (آگ) میں چیخنا چلانا اور دہاڑنا ہوگا۔ وہ ہمیشہ اس (آگ) میں رہیں گے				

مَا دَامَتِ ٱلسَّمَٰوَٰتُ وَٱلْأَرْضُ إِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَۚ

رَبُّكَۚ	مَا شَآءَ	إِلَّا	وَٱلْأَرْضُ	ٱلسَّمَٰوَٰتُ	مَا دَامَتِ
آپؐ کا رب	جو چاہے	سوائے اس کے	اور زمین	آسمان	جب تک باقی رہیں گے
جب تک آسمان اور زمین باقی رہیں گے سوائے اس کے جو آپ ﷺ کا رب چاہے					

إِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ۝١٠٧ وَأَمَّا

وَأَمَّا	يُرِيدُ۝١٠٧	لِّمَا	فَعَّالٌ	رَبَّكَ	إِنَّ
اور لیکن	وہ چاہتا ہے	اس کو جو	خوب کر گزرنے والا ہے	آپؐ کا رب	بیشک
بیشک آپؐ کا رب خوب کر گزرنے والا ہے اس کو جو وہ چاہتا ہے۔					

ٱلَّذِينَ سُعِدُواْ فَفِي ٱلْجَنَّةِ خَٰلِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ

مَا دَامَتِ	فِيهَا	خَٰلِدِينَ	فَفِي ٱلْجَنَّةِ	سُعِدُواْ	ٱلَّذِينَ
جب تک (باقی) رہیں گے	اس (جنت) میں	وہ ہمیشہ رہیں گے	تو وہ جنت میں ہونگے	نیک بخت بنائے گئے	وہ لوگ جو
اور جو لوگ نیک بخت ہونگے وہ جنت میں رہیں گے وہ ہمیشہ اس جنت رہیں گے					

ٱلسَّمَٰوَٰتُ وَٱلْأَرْضُ إِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۚ عَطَآءً

عَطَآءً	رَبُّكَ ۚ	مَا شَآءَ	إِلَّا	وَٱلْأَرْضُ	ٱلسَّمَٰوَٰتُ
(یہ اللہ کی) عطا ہے	آپؐ کا رب	جو چاہے	سوائے اس کے	اور زمین	آسمان
جب تک آسمان اور زمین (باقی) رہیں گے سوائے اس کے جو آپ ﷺ کا رب چاہے					

غَيْرَ مَجْذُوذٍ۝١٠٨ فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هَٰٓؤُلَآءِ ۚ

هَٰٓؤُلَآءِ ۚ	يَعْبُدُ	مِّمَّا	فِي مِرْيَةٍ	فَلَا تَكُ	غَيْرَ مَجْذُوذٍ۝١٠٨
یہ لوگ	عبادت کرتے ہیں	اس سے جو	کسی شک میں	پس آپؐ نہ ہوں	نہ ختم ہونے والی
یہ نہ ختم ہونے والی اللہ کی عطا ہے۔ پس (اے نبی ﷺ) آپؐ کسی شک میں نہ رہیں ان کے بارے میں					

مَا يَعْبُدُونَ إِلَّا كَمَا يَعْبُدُ ءَابَآؤُهُم مِّن قَبْلُ ۚ

مَا يَعْبُدُونَ	إِلَّا	كَمَا	يَعْبُدُ	ءَابَآؤُهُم	مِّن قَبْلُ ۚ
وہ عبادت نہیں کرتے	مگر	جیسے	عبادت کرتے تھے	ان کے باپ دادا	اس سے پہلے
جن کی یہ عبادت کرتے ہیں یہ لوگ نہیں عبادت کرتے مگر ایسے ہی جیسے کہ اس سے پہلے ان کے باپ دادا عبادت کرتے تھے					

وَإِنَّا لَمُوَفُّوهُمْ نَصِيبَهُمْ غَيْرَ مَنقُوصٍ ﴿١٠٩﴾ وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا

وَإِنَّا	لَمُوَفُّوهُمْ	نَصِيبَهُمْ	غَيْرَ مَنقُوصٍ ﴿١٠٩﴾	وَلَقَدْ	ءَاتَيْنَا
اور بے شک ہم	انہیں ضرور پورا دینگے	ان کا حصہ	کم نہیں کیا جائے گا (اس سے کچھ)	اور یقیناً	ہم نے دی
ہم ان سب کو ان کا پورا پورا حصہ بغیر کسی کمی کے دینے والے ہی ہیں۔ اور یقیناً ہم نے موسیٰ کو کتاب (تورات) دی					

مُوسَى ٱلْكِتَـٰبَ فَٱخْتُلِفَ فِيهِ ۗ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

مُوسَى	ٱلْكِتَـٰبَ	فَٱخْتُلِفَ	فِيهِ ۗ	وَلَوْلَا كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ
موسیٰ کو	کتاب (تورات)	تو اختلاف کیا گیا	اس میں	اور اگر نہ ہوتی ایک بات	جو پہلے طے ہو چکی ہے
تو اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر طے نہ ہو چکی ہوتی ایک بات					

مِن رَّبِّكَ لَقُضِىَ بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَفِى شَكٍّ مِّنْهُ

مِن رَّبِّكَ	لَقُضِىَ	بَيْنَهُمْ ۚ	وَإِنَّهُمْ	لَفِى شَكٍّ	مِّنْهُ
آپؐ کے رب کی طرف سے	تو ضرور فیصلہ کر دیا جاتا	ان کے درمیان	اور بیشک وہ	یقیناً ایسے شک میں ہیں	اس سے
آپؐ کے رب کی طرف سے تو ان کے درمیان ضرور فیصلہ کر دیا جاتا اور اب تو یہ لوگ اس (تورات) کے بارے میں					

مُرِيبٍ۝١١٠ وَإِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ

لَيُوَفِّيَنَّهُمْ	كُلًّا لَّمَّا	وَإِنَّ	مُرِيبٍ۝١١٠
یقیناً انہیں ضرور پوری جزا دے گا	ہر ایک کو جب (وقت آئے گا)	اور بیشک	جو انہیں بے چین کرنے والا ہے

الجھا دینے والے شک میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ اور (اے نبی ﷺ) آپؐ کا رب ان سب کو ان کے اعمال کا لازماً پورا پورا بدلہ دے گا

رَبُّكَ أَعْمَٰلَهُمْۚ إِنَّهُۥ بِمَا يَعْمَلُونَ خَبِيرٌ۝١١١

خَبِيرٌ۝١١١	يَعْمَلُونَ	بِمَا	إِنَّهُۥ	أَعْمَٰلَهُمْۚ	رَبُّكَ
خبر دار ہے	وہ عمل کرتے ہیں	اس سے جو	بیشک وہ	ان کے اعمال کی	آپ کا رب

بیشک اللہ تعالیٰ ان کے اعمال سے باخبر ہے۔

فَٱسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ

مَعَكَ	تَابَ	وَمَن	أُمِرْتَ	كَمَآ	فَٱسْتَقِمْ
آپؐ کے ساتھ	توبہ کی	اور وہ لوگ بھی جنھوں نے	آپؐ کو حکم دیا گیا ہے	جس طرح	چنانچہ آپؐ ثابت قدم رہیں

چنانچہ آپؐ ثابت قدم رہیں جس طرح آپؐ کو حکم دیا گیا ہے اور وہ لوگ بھی جنھوں نے آپؐ کے ساتھ توبہ کی

وَلَا تَطْغَوْاْۚ إِنَّهُۥ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ۝١١٢ وَلَا تَرْكَنُوٓاْ

وَلَا تَرْكَنُوٓاْ	بَصِيرٌ۝١١٢	تَعْمَلُونَ	بِمَا	إِنَّهُۥ	وَلَا تَطْغَوْاْۚ
اور تم نہ جھکو	دیکھنے والا ہے	تم عمل کرتے ہو	اس کو جو	بیشک وہ (اللہ)	اور تم سرکشی نہ کرو

اور تم سرکشی نہ کرو یقیناً اللہ تمھارے اعمال کو دیکھنے والا ہے۔

إِلَى ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ فَتَمَسَّكُمُ ٱلنَّارُ وَمَا لَكُم

إِلَى ٱلَّذِينَ	ظَلَمُواْ	فَتَمَسَّكُمُ	ٱلنَّارُ	وَمَا لَكُم
ان لوگوں کی طرف جنھوں نے	ظلم کیا	ورنہ تمھیں چھوئے گی	آگ	اور تمھارے لیے نہیں ہوگا
اور تم ظالموں کی طرف نہ جھکو ورنہ تمھیں بھی دوزخ کی آگ چھوئے گی				

مِّن دُونِ ٱللَّهِ مِنۡ أَوۡلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ ﴿١١٣﴾ وَأَقِمِ ٱلصَّلَوٰةَ

مِّن دُونِ ٱللَّهِ	مِنۡ أَوۡلِيَآءَ	ثُمَّ	لَا تُنصَرُونَ ﴿١١٣﴾	وَأَقِمِ	ٱلصَّلَوٰةَ
اللہ کے سوا	کوئی دوست	پھر	تمھاری مدد نہیں کی جائے گی	اور آپ ﷺ قائم کریں	نماز
اور تمھارے لیے اللہ کے سوا کوئی دوست نہیں ہوگا پھر تمھاری مدد نہیں کی جائے گی۔ اور (اے نبی ﷺ) نماز کو قائم رکھیے					

طَرَفَيِ ٱلنَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ ٱلَّيۡلِۚ إِنَّ ٱلۡحَسَنَٰتِ يُذۡهِبۡنَ

طَرَفَيِ ٱلنَّهَارِ	وَزُلَفًا	مِّنَ ٱلَّيۡلِۚ	إِنَّ	ٱلۡحَسَنَٰتِ	يُذۡهِبۡنَ
دن کے دونوں طرفوں (حصوں) میں	اور کچھ گھڑیوں میں	رات کو (بھی)	یقیناً	نیکیاں	دور کر دیتی ہیں
دن کے دونوں سروں (صبح اور شام کے اوقات) میں اور رات کی کچھ گھڑیوں میں۔ یقیناً نیکیاں بُرائیوں کو دور کر دیتی ہیں					

ٱلسَّيِّـَٔاتِۚ ذَٰلِكَ ذِكۡرَىٰ لِلذَّٰكِرِينَ ﴿١١٤﴾ وَٱصۡبِرۡ فَإِنَّ

ٱلسَّيِّـَٔاتِۚ	ذَٰلِكَ	ذِكۡرَىٰ	لِلذَّٰكِرِينَ ﴿١١٤﴾	وَٱصۡبِرۡ	فَإِنَّ
بُرائیوں کو	یہ	نصیحت ہے	ذکر کرنے والوں کے لیے	اور آپ صبر کیجیے	پس بیشک
یہ ذکر کرنے والوں کے لیے نصیحت ہے۔ اور آپ صبر کیجیے					

ٱللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجۡرَ ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿١١٥﴾ فَلَوۡلَا كَانَ مِنَ ٱلۡقُرُونِ مِن قَبۡلِكُمۡ

مِن قَبۡلِكُمۡ	مِنَ ٱلۡقُرُونِ	فَلَوۡلَا كَانَ	أَجۡرَ ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿١١٥﴾	لَا يُضِيعُ	ٱللَّهَ
جو تم سے پہلے تھیں	ان اُمتوں میں سے	پھر کیوں نہ ہوئے	نیکی کرنے والوں کا اجر	ضائع نہیں کرتا	اللہ

یقیناً اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ پھر کیوں نہ تم سے پہلے زمانے کے لوگوں میں سے ایسے

أُوْلُواْ بَقِيَّةٍ يَنۡهَوۡنَ عَنِ ٱلۡفَسَادِ فِي ٱلۡأَرۡضِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّنۡ

مِّمَّنۡ	قَلِيلًا	إِلَّا	عَنِ ٱلۡفَسَادِ فِي ٱلۡأَرۡضِ	يَنۡهَوۡنَ	أُوْلُواْ بَقِيَّةٍ
ان لوگوں میں سے جنہیں	تھوڑے سے	مگر	زمین میں فساد کرنے سے	کہ وہ روکتے	عقل و فہم والے لوگ

عقل و فہم والے لوگ ہوئے جو (اپنی اپنی قوم کے لوگوں کو) زمین میں فساد کرنے سے روکتے

أَنجَيۡنَا مِنۡهُمۡۗ وَٱتَّبَعَ ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ مَآ

مَآ	ظَلَمُواْ	ٱلَّذِينَ	وَٱتَّبَعَ	مِنۡهُمۡۗ	أَنجَيۡنَا
ان چیزوں کے کہ	ظلم کیا	وہ لوگ جنہوں نے	اور پیچھے لگے	ان میں سے	ہم نے نجات دی

مگر بہت تھوڑے لوگ ایسے تھے جنہیں ہم نے ان میں سے نجات دی اور ظالم لوگ تو اس چیز کے پیچھے پڑ گئے

أُتۡرِفُواْ فِيهِ وَكَانُواْ مُجۡرِمِينَ ﴿١١٦﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ

رَبُّكَ	وَمَا كَانَ	مُجۡرِمِينَ ﴿١١٦﴾	وَكَانُواْ	فِيهِ	أُتۡرِفُواْ
آپؐ کا رب	اور نہیں ہے	مجرم لوگ	اور وہ تھے	ان (چیزوں) میں	وہ (ظالم) خوشحال کر دیئے گئے تھے

جن میں انہیں خوشحالی دی گئی تھی اور وہ مجرم لوگ تھے۔ اور آپ ﷺ کا رب ایسا نہیں ہے

لِيُهۡلِكَ ٱلۡقُرَىٰ بِظُلۡمٍ وَأَهۡلُهَا مُصۡلِحُونَ ﴿١١٧﴾ وَلَوۡ

وَلَوۡ	مُصۡلِحُونَ ﴿١١٧﴾	وَأَهۡلُهَا	بِظُلۡمٍ	ٱلۡقُرَىٰ	لِيُهۡلِكَ
اور اگر	اصلاح کرنے والے ہوں	جبکہ ان کے رہنے والے	ظلم سے (ناحق)	بستیوں کو	کہ وہ ہلاک کرے
کہ بستیوں کو ظلم کے ساتھ ہلاک کردے جبکہ ان کے رہنے والے اصلاح کرنے والے ہوں۔					

شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ ٱلنَّاسَ أُمَّةً وَٰحِدَةً‌ۖ وَلَا يَزَالُونَ

وَلَا يَزَالُونَ	أُمَّةً وَٰحِدَةً‌ۖ	ٱلنَّاسَ	لَجَعَلَ	رَبُّكَ	شَآءَ
جبکہ وہ ہمیشہ رہیں گے	ایک اُمت	لوگوں کو	تو ضرور بنادیتا	آپؐ کا رب	چاہتا
اور اگر آپؐ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کا رب چاہتا تو تمام لوگوں کو ایک اُمت بنادیتا					

مُخۡتَلِفِينَ ﴿١١٨﴾ إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ‌ۚ وَلِذَٰلِكَ

وَلِذَٰلِكَ	رَبُّكَ‌ۚ	رَّحِمَ	مَن	إِلَّا	مُخۡتَلِفِينَ ﴿١١٨﴾
اور اسی لیے	آپؐ کے رب نے	رحم کیا	ان لوگوں کے جن پر	سوائے	(آپس) میں اختلاف کرنے والے ہی
لیکن وہ تو ہمیشہ اختلاف کرتے ہی رہینگے۔ سوائے ان لوگوں کے جن پر آپؐ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے رب نے رحم کیا					

خَلَقَهُمۡ‌ۗ وَتَمَّتۡ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمۡلَأَنَّ جَهَنَّمَ

جَهَنَّمَ	لَأَمۡلَأَنَّ	كَلِمَةُ رَبِّكَ	وَتَمَّتۡ	خَلَقَهُمۡ‌ۗ
جہنم کو	کہ میں یقیناً ضرور بھرونگا	آپؐ کے رب کی بات	اور پوری ہوگئی	اس نے انہیں پیدا کیا
اور اسی لیے اس نے انہیں پیدا کیا اور آپؐ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے رب کی بات پوری ہوگئی				

مِنَ ٱلْجِنَّةِ وَٱلنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿١١٩﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنۢبَآءِ ٱلرُّسُلِ

مِنَ ٱلْجِنَّةِ وَٱلنَّاسِ	أَجْمَعِينَ ﴿١١٩﴾	وَكُلًّا	نَّقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ أَنۢبَآءِ ٱلرُّسُلِ
جنوں اور انسانوں سے	سب سے	اور ہر ایک چیز کو	ہم بیان کرتے ہیں	آپؐ پر	رسولوں کی خبروں میں سے

کہ میں یقیناً ضرور جہنم کو جنوں اور انسانوں سب سے بھرونگا۔ اور (اے نبی ﷺ) ہم رسولوں کے سب احوال

مَا نُثَبِّتُ بِهِۦ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِي هَٰذِهِ ٱلْحَقُّ

مَا نُثَبِّتُ	بِهِۦ	فُؤَادَكَ ۚ	وَجَآءَكَ	فِي هَٰذِهِ	ٱلْحَقُّ
وہ جو ہم مضبوط رکھتے ہیں	اس کے ساتھ	آپ کا دل	اور آیا ہے آپؐ کے پاس	اس (سورت یا واقعات) میں	حق

آپ ﷺ کے سامنے آپؐ کے دل کی تسکین کے لیے بیان فرمارہے ہیں آپؐ کے پاس اس سورت یا واقعات میں حق آچکا ہے

وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿١٢٠﴾ وَقُل لِّلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ

وَمَوْعِظَةٌ	وَذِكْرَىٰ	لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿١٢٠﴾	وَقُل	لِّلَّذِينَ	لَا يُؤْمِنُونَ
اور نصیحت	اور یاد دہانی	مومنوں کے لیے	اور آپؐ کہہ دیجیے	اُن لوگوں سے جو	ایمان نہیں لاتے

اور مومنوں کے لیے اس میں یاد دہانی اور نصیحت ہے۔ اور آپؐ کہہ دیجیے

ٱعْمَلُوا۟ عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنَّا عَٰمِلُونَ ﴿١٢١﴾ وَٱنتَظِرُوٓا۟ إِنَّا

ٱعْمَلُوا۟	عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ	إِنَّا	عَٰمِلُونَ ﴿١٢١﴾	وَٱنتَظِرُوٓا۟	إِنَّا
تم عمل کرو	اپنی جگہ پر	بلاشبہ ہم بھی	عمل کرنے والے ہیں	اور تم انتظار کرو	بلاشبہ ہم (بھی)

اُن لوگوں سے جو ایمان نہیں لاتے تم اپنی جگہ پر عمل کرو بلاشبہ ہم بھی عمل کرنے والے ہیں۔ اور تم انتظار کرو

مُنتَظِرُونَ۝١٢٢ وَلِلَّهِ غَيۡبُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَإِلَيۡهِ

وَإِلَيۡهِ	وَٱلۡأَرۡضِ	ٱلسَّمَٰوَٰتِ	غَيۡبُ	وَلِلَّهِ	مُنتَظِرُونَ۝١٢٢
اور اُسی کی طرف	اور زمین کا	آسمانوں کا	غیب	اور اللہ ہی کے لیے ہے	انتظار کرنے والے ہیں
بلاشبہ ہم (بھی) انتظار کرنے والے ہیں اور اللہ ہی کے لیے ہے غیب آسمانوں اور زمین کا اور اُسی کی طرف					

يُرۡجَعُ ٱلۡأَمۡرُ كُلُّهُۥ فَٱعۡبُدۡهُ وَتَوَكَّلۡ عَلَيۡهِۚ وَمَا

وَمَا	وَتَوَكَّلۡ عَلَيۡهِۚ	فَٱعۡبُدۡهُ	كُلُّهُۥ	ٱلۡأَمۡرُ	يُرۡجَعُ
اور نہیں ہے	اور اسی پر بھروسہ کریں	لہذا آپؐ اسی کی عبادت کریں	سب کے سب	کام	لوٹائے جاتے ہیں
سب کے سب کام لوٹائے جاتے ہیں لہذا آپؐ اسی کی عبادت کریں اور اسی پر بھروسہ کریں					

رَبُّكَ بِغَٰفِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُونَ۝١٢٣

		تَعۡمَلُونَ۝١٢٣	عَمَّا	بِغَٰفِلٍ	رَبُّكَ
		تم عمل کرتے ہو	اس سے جو	غافل	آپؐ کا رب
اور یقیناً آپؐ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کا رب غافل نہیں ہے اس سے جو تم عمل کرتے ہو					

For updates, suggestions and/or comments please contact us on the following:

- Mohammad Abdur Rasheed
    - Mobile + Whatsapp: +1 (647) 462-7454
    - Email: mohammadrasheed97@gmail.com
- Jad Ul Haque
    - Mobile + Whatsapp: +966546606692
    - Telegram: @jadulhaque
    - Email: jadulhaque@gmail.com
- Azka Abdur Rasheed
    - Email: azka.a.rasheed@gmail.com

- For other documents (surahs and duas) please visit the following link: https://archive.org/details/@shehla_rani